ہیں پیش کر رہے ہیں یہ علمی اور تحقیقی رسالہ اپنے موضوع پر جامع اور لاجواب ہے ملنے کا پتہ! الرحیم اکیڈمی ۱-۷/۷ اعظم نگر پوسٹ آفس لیاقت آباد کراچی ۱۹

قربانی اور اس کی اہمیت حضرت مولانا مفتی حفیظ الرحمن صاحب مدظلہ کی تصنیف ہے مولانا سعید الرحمن صاحب مدظلہ کا افتتاحیہ اور مولانا مفتی غلام الرحمن صاحب مدظلہ کا پیش لفظ اس کی علمی ثقاہت تحقیق وتصویب کی ضمانت ہے جس میں قربانی شرعی حیثیت، اہمیت، ضرورت، فضیلت، فوائد وثمرات، ضروری مسائل، آداب ومستحبات، جدت پسندوں کے اعتراضات کے جوابات، احکام عیدین وذبح پر سیر حاصل مباحث شامل ہیں، کتاب جامع، متعلقہ مباحث پر حاوی، علماء اور خطیبوں کے لیے ایک علمی تحفہ اور اپنے موضوع پر انوکھی اور دلچسپ کتاب ہے ۴۹۳ صفحات کی یہ کتاب، عمدہ طباعت اور گولڈن جلدی کے ساتھ ۱۰۰ روپے ہیں دار التصنیف والتالیف دار العلوم سعیدیہ اوگی ضلع مانسہرہ سے دستیاب ہے۔

عظمت کے مینار معروف سکالر جناب شفیق الاسلام فاروقی صاحب نے عہد ماضی سے دور حاضر کی چند اہم شخصیات اور ان کے سبق آموز واقعات کا انتخاب کیا ہے جو قلب ونظر کو توانائی عزم وہمت کو جولانیاں اور جذبۂ ایمان وجہاد کی انگیخت کا ذریعہ ہیں بار بار پڑھیے اور ہر بار لطف اٹھایئے ۱۹۶ صفحات کی یہ کتاب عمدہ ٹائیٹل اور شاندار طباعت۔ صرف ۴۲ روپے میں دستیاب ہے۔
ملنے کا پتہ! حرا پبلی کیشنز اردو بازار لاہور۔

مخزن مواعظ اردو ترجمہ مجموعۃ الخطب ماہنامہ الہادی کے مدیر اور مؤلف شہیر مولانا مشتاق احمد عباسی کی علمی کاوش ہے جو فقیہ العصر عالم لاثانی ولی کامل حضرت العلامہ مولانا عبدالحی لکھنوی کی مجموعۃ الخطب کا اردو میں شستہ، سلیس اور رواں بامحاورہ ترجمہ ہے۔ مولانا عباسی کی خطبات ومواعظ جمعہ تو اس سے قبل مقبول عام اور دینی حلقوں میں پذیرائی حاصل کر چکے ہے مخزن مواعظ جو سال بھر کے ۶۸ عربی واردو خطبات کا حسین مرقع ہے اپنی مثال آپ ہے۔ مولانا عباسی نے محنت کی اور پھر اشاعت وطباعت کے ہفت خواں بھی خود سر کیئے ۴۸۰ صفحات کی یہ ضخیم کتاب ارزاں قیمت پر ادارہ صدیقیہ نزد حبیب ڈی سلوا گارڈن ڈپیٹ نشتر روڈ کراچی ۳ سے دستیاب ہے نوزائیدہ ادارہ صدیقیہ اپنی عمر قصیر میں جو اتنے بڑے کام کر رہا ہے۔ اس پر مولانا عباسی صاحب اور ان کے رفقاء ستائش وتبریک کے مستحق ہیں۔

گستاخ رسول کی سزا مولانا قاضی محمد اسرائیل گڑنگی کی تالیف ہے مختصر جامع، دلچسپ اور معلوماتی کتابچہ، انٹرنیشنل گولڈ میڈل انعامی تحریری مقابلہ میں